فوری ریلیز کے لیے: 27/9/2022

گورنر **_KATHY HOCHUL_**

نیویارک کے الیکٹرک وہیکل بنیادی ڈھانچے کے تعیناتی کے منصوبے کی منظوری پر گورنر KATHY HOCHUL کی جانب سے بیان

"آج سے پہلے، امریکی محکمہ ٹرانسپورٹیشن نے اعلان کیا کہ انہوں نے ریاست نیویارک کے الیکٹرک وہیکل کے بنیادی ڈھانچے کی تعیناتی کے منصوبے کی منظوری دے دی ہے - جو نیویارک کے درکار چارجنگ بنیادی ڈھانچے کی تعمیر میں مدد کے لیے الیکٹرک گاڑیوں کے زیادہ سے زیادہ استعمال اور آنے والی نسلوں کے لیے ہمارے ماحول کی حفاظت کے لیے اہم ضرورت ہے۔

منظوری، جس میں نیویارک کے نیٹ ورک کو وسعت دینے کے لیے 175$ ملین تک شامل ہے، صفر اخراج والی گاڑیوں کی منتقلی میں مزید سہولت فراہم کرے گی اور ریاست نیویارک کے گرین ہاؤس گیس کے اخراج کو کم کرنے، موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے، ہوا کے معیار کو بہتر بنانے، پسماندہ کمیونیٹیز کو فوائد فراہم کرنے، اور سرسبز ملازمتیں پیدا کرنے کے قومی سطح کے اہداف کو آگے بڑھائے گی۔

میں سیکرٹری Buttigieg اور Biden-Harris انتظامیہ کو نیویارک کے NEVI منصوبے کو منظور کرنے کے لیے ان کی فوری کارروائی پر داد دیتی ہوں، اور سینیٹر Schumer، سینیٹر Gillibrand، اور نیویارک کے پورے کانگریسی وفد کا دو طرفہ بنیادی ڈھانچے کا قانون پاس کرنے کے لیے شکریہ ادا کرتی ہوں۔"

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418